# 8 تقسیم پذیری

## آیئے ذرا یاد کریں۔

- تقسیم پذیری کی 2 کی کسوٹی، 5 کی کسوٹی اور 10 کی کسوٹی لکھیے۔
- ذیل کے اعداد پڑھیے۔ ان میں سے کون سے اعداد 2 سے، 5 سے یا 10 سے تقسیم پذیر ہیں۔ انھیں پہچان کر خالی چوکونوں میں لکھیے۔

125, 364, 475, 750, 800, 628, 206, 508, 7009, 5345, 8710

| 2 سے تقسیم پذیر | 5 سے تقسیم پذیر | 10 سے تقسیم پذیر |
|---|---|---|
| | | |

## آیئے سمجھ لیں۔

### تقسیم پذیری کی کسوٹیاں

آیئے مزید کچھ کسوٹیوں کا مطالعہ کریں۔

ذیل کی جدول مکمل کیجیے۔

| عدد | عدد کے ہندسوں کی جمع کتنی ہے؟ | کیا جمع 3 سے تقسیم ہوتی ہے؟ | کیا دیا ہوا عدد 3 سے تقسیم پذیر ہے؟ |
|---|---|---|---|
| 63 | 6 + 3 = 9 | ✓ | ✓ |
| 872 | 17 | × | × |
| 91 | | | |
| 552 | | | |
| 9336 | | | |
| 4527 | | | |

اس بناء پر کیا نتیجہ اخذ کیا جائے گا۔

**یہ میری سمجھ میں آ گیا۔**

3 سے تقسیم پذیری کی کسوٹی : اگر کسی عدد کے ہندسوں کی جمع 3 سے پورا پورا تقسیم ہوتی ہو، تب وہ عدد 3 سے تقسیم پذیر ہوتا ہے۔

## آیئے سمجھ لیں۔

ذیل کی جدول مکمل کیجیے۔

| عدد | دیے ہوئے عدد کو 4 سے تقسیم کر کے دیکھیے۔ کیا وہ پورا تقسیم ہوتا ہے؟ | دہائی اور اکائی کے مقام کے ہندسوں سے بننے والا عدد | کیا بننے والا عدد 4 سے تقسیم پذیر ہے؟ |
|---|---|---|---|
| 992 | ✓ | 92 | ✓ |
| 7314 | | | |
| 6448 | | | |
| 8116 | | | |
| 7773 | | | |
| 3024 | | | |

اس سے کیا نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے؟

**یہ میری سمجھ میں آ گیا۔**

**4 سے تقسیم پذیری کی کسوٹی : اگر کسی عدد کے دہائی اور اکائی کے مقام سے بننے والا عدد 4 سے پورا پورا تقسیم ہوتا ہے، تب وہ عدد 4 سے تقسیم پذیر ہوتا ہے۔**

## آیئے سمجھ لیں۔

ذیل کی جدول مکمل کیجیے۔

| عدد | دیے ہوئے عدد کو 9 سے تقسیم کر کے دیکھیے کیا وہ پورا تقسیم ہوتا ہے؟ | عدد کے ہندسوں کی جمع | کیا جمع 9 سے تقسیم پذیر ہے؟ |
|---|---|---|---|
| 1980 | ✓ | $1 + 9 + 8 + 0 = 18$ | ✓ |
| 2999 | × | 29 | × |
| 5004 | | | |
| 13389 | | | |
| 7578 | | | |
| 69993 | | | |

اس سے کیا نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے؟

یہ میری سمجھ میں آ گیا۔

**9 سے تقسیم پذیری کی کسوٹی :** اگر کسی عدد کے ہندسوں کی جمع 9 سے پورا پورا تقسیم ہوتا ہو تب وہ عدد 9 سے تقسیم پذیر ہوتا ہے۔

## مشقی سیٹ 22

- ایک باغ میں پھول کے 16 پودے ہیں۔ ہر پودے پر ایک ہی عدد والے کئی پھول ہیں۔ تین طالب علم بانس کی ٹوکری لے کر پھول توڑنے کے لیے گئے۔ بانس کی ٹوکری پر 3، 4، 9 میں سے کوئی ایک عدد لکھا ہے۔ ہر طالب علم اپنی ٹوکری پر لکھے ہوئے عدد سے تقسیم پذیر عدد (یعنی ضعف عدد) والے پھول توڑتا ہے۔ ایک پودے سے وہ صرف ایک ہی پھول توڑتا ہے۔ ذرا بتائیے تو ہر ٹوکری میں کن عددوں میں پھول ہوں گے؟

